بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نقشِ آغاز

ملک کے موجودہ بحران میں بہی خواہانِ ملت کا لائحہ عمل۔

طاعون ایک وبا، حقیقت اور عبرت۔

اور ماہنامہ الحق کا سالِ نو۔

مملکتِ عزیز پاکستان میں ایک بار پھر سیاسی انارکی، بدامنی، خانہ جنگی اور ہڑتالوں کا سلسلہ چل پڑا ہے۔ پی پی پی نے لانگ مارچ سے جس کام کی ابتداء کی تھی، ٹرین مارچ، پہیہ جام ہڑتال اور تحریکِ نجات اسی سلسلۂ سیاست کے نقد ثمرات اور مسلسل کڑیاں ہیں، جو مزید بڑھتی چلی جائیں گی جب تک کہ مروّجہ نظام کا یکسر خاتمہ نہیں کر دیا جاتا۔

ہم خالصتہً دینی اور اسلامی نقطۂ نظر سے علی الاعلان دونوں سے اپنی براءت کا اعلان کرتے ہیں کہ دینِ حق کی بالادستی اور نفاذِ شریعت کے امکانات کے استرداد پر دونوں متفق ہیں۔

موجودہ حالات میں خالصتہً دینی کاز اور دینی دعوت کا کام کرنے والوں کے لیے گویا بارش کا موسم آگیا ہے اور ٹھنڈی ہواؤں کے ساتھ کالے بادل فضا میں منڈلانا شروع ہو گئے ہیں اور خدا کا فرشتہ خاموش زبان میں یہ اعلان کر رہا ہے کہ کون ہے جو اپنا بیج زمین میں ڈالے تاکہ خدا سارے کائناتی نظام کو اس کی موافقت میں جمع کر دے اور اس کے بعد اس کے بیج کو سات سو گنا زیادہ فصل کی صورت میں اس کی طرف لوٹائے۔

پاکستان میں ایسا ہی کچھ معاملہ آج نظامِ شریعت کے نفاذ و ترویج اور اس کی دعوت و تبلیغ کا بھی ہے خدا نے آج سارے اسباب دین کی موافقت پر جمع کر دیئے ہیں لوگوں نے تمام نظام آزما لیے ہیں۔ پارلیمانی نظام بھی، صدارتی نظام بھی، مارشلائی نظام بھی، مسلم لیگ بھی، پیپلز پارٹی بھی۔ گریجویٹ بھی، وکلاء بھی، سیاست دان بھی، سرمایہ دار بھی اور کارخانے دار بھی —— نصف صدی کی گردش کے بعد زمانے نے فیصلہ کی بنیاد فراہم کر دی ہے جو یقیناً ہمارے حق میں ہے۔